57

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد




**وسیم نے روہت شرما کا ریکارڈ توڑ دیا**

یو اے ای کے کپتان محمد وسیم نے ٹی-۲۰ انٹرنیشنل میچوں میں بطور کپتان سب سے زیادہ چھکے لگانے کا روہت شرما کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ افغانستان کے خلاف وسیم نے روہت شرما کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ۵۴ ٹی ٹوئنٹی اننگز میں ۱۱۰ چھکے مار کر روہت شرما کا ریکارڈ توڑ دیا، روہت شرما نے بحیثیت کپتان ۶۲ اننگز میں ۱۰۵ چھکے مارے تھے۔ (تفصیلات اندر)



**زمبابوے ٹیم کا اعلان، ٹیلر کی واپسی**


زمبابوے نے سری لنکا کے خلاف آئندہ تین میچوں کی ٹی-۲۰ بین الاقوامی سیریز کے لیے ۱۶ رکنی ٹیم کا اعلان کیا ہے، جس میں تجربہ کار کھلاڑی سین ولیمز اور برینڈن ٹیلر کی واپسی خاص توجہ کا مرکز ہے۔ تجربہ کار آل راؤنڈر ولیمز مئی ۲۰۲۴ میں بنگلہ دیش کے خلاف آخری بار کھیلنے کے بعد اس مختصر فارمیٹ میں دوبارہ شامل ہوئے ہیں۔ (تفصیلات اندر)


www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 238 | صفحات: 08 | ۳ ستمبر ۲۰۲۵ بروز بدھوار بمطابق ۹ ربیع الاول ۱۴۴۷ | Wednesday 03rd September 2025 | جلد نمبر 57


## شری ماتا ویشنو دیوی یاترا

### مسلسل 8ویں روز بھی معطل

جموں/ یواین آئی/ جموں و کشمیر کے ضلع ریاسی میں ترکوٹہ پہاڑیوں میں خراب موسمی صورتحال کی وجہ سے شری ماتا ویشنو دیوی یاترا منگل کو مسلسل آٹھویں روز بھی معطل رہی۔ حکام نے بتایا کہ خطہ میں مسلسل بارشوں، لینڈ سلائیڈنگ اور اچانک سیلاب سے پیدا ہوئے حفاظتی خدشات کے پیش نظر احتیاطی تدابیر کے طور پر کٹرا بیس کیمپ سے یاترا کو معطل کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاسی ضلعی انتظامیہ اور شرائن بورڈ کے اہلکار صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تباہ شدہ راستوں اور سڑکوں کی بحالی کا کام جاری ہے۔




## ٹاٹا اور مائیکرون نے ٹیسٹ چپس بنانا شروع کر دی ہیں/ وزیراعظم

### وہ دن دور نہیں جب دنیا کہے گی ''ڈیزائن ان انڈیا، میڈ ان انڈیا''

نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیراعظم نریندر مودی نے منگل کو کہا کہ اگرچہ سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں ہندوستان کا سفر تاخیر سے شروع ہوا ہے، لیکن اب ہمیں کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ یہاں دوارکا میں یشو بھومی میں سہ روزہ سیمیکان انڈیا 2025 کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ ملک میں سیمی کنڈکٹر ایکو سسٹم کو فروغ دینے کی سمت میں تیزی سے کام کیا گیا ہے۔ سیمیکان انڈیا سال 2021 میں شروع کیا گیا تھا اور پہلے سیمی کنڈکٹر پلانٹ کے لیے سال 2023 میں منظوری دی گئی تھی۔ سال 2024 میں مزید پلانٹس کی منظوری دی گئی تھی اور سال 2025 میں مزید پانچ پروجیکٹس کی منظوری دی گئی تھی۔ 10 پروجیکٹوں میں مجموعی 18 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا، "بھارت بیک اینڈ سے نکل کر ایک مکمل طاقتور سیمی کنڈکٹر ملک بننے کی طرف گامزن ہے۔ ہمارا سفر شاید تاخیر سے شروع ہوا ہو، لیکن اب کوئی طاقت ہمیں آگے بڑھنے سے نہیں روک سکتی۔" انہوں نے کہا کہ ٹاٹا اور مائیکرون نے ٹیسٹ چپس بنانا شروع کر دی ہیں اور پہلی کمرشل چپ بھی اسی سال مارکیٹ میں آئے گی۔ وزیراعظم نے ملکی اور غیرملکی کمپنیوں سے اس شعبے میں سرمایہ کاری کرنے کا مطالبہ کیا اور یقین دلایا کہ حکومت کی پالیسی "قلیل مدتی نہیں، بلکہ طویل مدتی عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آپ کی ہر ضرورت پوری کریں گے۔ وہ دن دور نہیں جب دنیا کہے گی ڈیزائن ان انڈیا، میڈ ان انڈیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں 20 فیصد سیمی کنڈکٹر ڈیزائن ٹیلنٹ ہندوستانی ہے۔ انہوں نے ملک کی اسٹارٹ اپ کمپنیوں سے اپیل کی کہ وہ آگے آئیں، حکومت ان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چل رہی ہے۔



## دریائے توی (جموں) میں پانی کی سطح خطرہ کے نشان سے اوپر

### حکام کی طرف سے سیلابی الرٹ جاری کر دیا گیا، وادی میں جہلم پھر سے بھرنے لگا ہے



سرینگر/ٹنل کے آر پار جاری خراب موسمی صورتحال کے چلتے محکمہ موسمیات نے اگلے 60 گھنٹوں کے دوران جموں و کشمیر میں بڑے پیمانے پر بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ ادھر جموں صوبے میں مسلسل بارشوں کے نتیجے میں ندی نالوں میں سطح آب کافی بڑھ چکی ہے جبکہ دریائے توی میں پانی کی سطح سیلابی خطرے کو پار کر گئی ہے۔ جموں کے مختلف اضلاع میں انتظامیہ نے الرٹ جاری کرتے ہوئے لوگوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت دی ہے۔ اسی دوران وادی کشمیر میں بھی موسمی صورتحال دگرگوں بنی ہوئی ہے اور شمال وجنوب میں شبانہ بارشوں کے بعد دن اور رات کے درجہ حرارت میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سی این آئی کے مطابق ٹنل کے آر پار خراب موسمی صورتحال مسلسل بنی ہوئی ہے۔ بارشوں کا نہ تھمنے والا سلسلہ گزشتہ کئی دنوں سے جاری ہے۔ جموں اور اس کے مضافات میں مسلسل بارشوں نے صورتحال انتہائی خراب بنی ہوئی ہے۔ جموں کے مختلف علاقوں میں مسلسل بارشوں کے نتیجے میں دریائے توی سمیت دیگر دریاؤں میں پانی کی سطح سیلابی خطرے کے نشان کو پار کر گئی ہے جبکہ ندی نالوں میں طغیانی آنے کے نتیجے میں انتظامیہ نے الرٹ جاری کر دیا ہے اور لوگوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ جموں سے نمائندے نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ جموں میں منگل کو بھی بارشوں کا سلسلہ جاری رہا جس دوران معمول کی زندگی متاثر ہوئی۔ بارشوں کے نتیجے میں کوئی علاقوں میں رہائشی مکانات اور سڑکوں کو نقصان پہنچ گیا جبکہ دریائے توی میں بھی سیلابی صورتحال پیدا ہونے کے ساتھ ہی پانی سیلابی خطرے سے اوپر بہہ رہا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے بتایا کہ سانبہ ضلع میں بھی دریائے بسنتر میں پانی کی سطح خطرے کے نیچے کے قریب پہنچ چکی ہے اور اس کے علاوہ کھٹوعہ میں بھی دریا میں پانی کی سطح بہت اوپر آ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے توی میں پانی کی سطح اوپر آنے کے بعد ایس ڈی آر ایف کی جانب سے جگہ جگہ پر اعلان کیا گیا اور لوگوں کو دریائے کے کنارے سے دور رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ اسی دوران وادی کشمیر میں بھی خراب موسمی صورتحال کا سلسلہ جاری ہے۔ سوموار کی شام دیر گئے موسلا دار بارشوں کے بعد دن اور رات کے درجہ حرارت میں کافی کمی آئی ہے۔ ادھر ماہر موسمیات نے منگل کو جموں و کشمیر میں اگلے 60 گھنٹوں کے دوران وسیع پیمانے پر بارش کی پیشگوئی/1

## زمین کے لین دین کے معاملہ میں 53 لاکھ روپے کا ''فراڈ''

### کشمیر کرائم برانچ کی اقتصادی ونگ کا چار افراد کے خلاف مقدمہ درج

سرینگر/ یواین آئی/ کرائم برانچ کشمیر کے اقتصادی جرائم ونگ (ای او ڈبلیو) نے سری نگر میں زمین کے لین دین میں ایک شکایت کنندہ کو 53 لاکھ روپیوں کی دھوکہ دہی کے الزام میں چار افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ شکایت کے مطابق طارق احمد حجام ولد محمد رمضان حجام ساکن برتھانہ قمرواری اور غلام حسن میر ولد غلام رسول میر ساکن برتھانہ سری نگر نامی دو زمین دلالوں نے ثناء اللہ میر اور رزاق میر پسران خالق میر ساکنان برتھانہ سری نگر کے ساتھ مجرمانہ گٹھ جوڑ کر کے زمین کے سودے میں سہولت فراہم کرنے کی آڑ میں شکایت کنندہ سے دھوکے سے 53 لاکھ روپیوں کی رقم ہتھیا لی۔ انہوں نے کہا کہ شکایت موصول ہونے کے بعد پولیس اسٹیشن اقتصادی جرائم ونگ کی طرف سے کیس کی تحقیقات شروع کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ تفتیش کے دوران، یہ پہلی نظر میں ثابت ہوا کہ ملزمان نے ریونیو افسران اور اہلکاروں کے ساتھ مل کر، شکایت کنندہ کی رقم اور زمین ہتھیانے کے لیے دستاویزات اور کارروائیوں میں غیر قانونی طور پر ہیرا پھیری کی ہے۔


## پونچھ میں مشتبہ افراد کی نقل و حرکت کے شبہہ کے بعد

### نیم فوجی دستوں کی طرف سے دن بھر کھوج البتہ کوئی گرفتاری نہیں

جموں/ یواین آئی/ جموں و کشمیر کے ضلع پونچھ میں منگل کے روز سیکورٹی فورسز نے مشتبہ افراد کی نقل و حرکت کی اطلاعات موصول ہونے کے بعد متعدد دیہات میں بڑے پیمانے پر محاصرہ اور تلاشی آپریشن شروع کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ جموں و کشمیر پولیس اور سی آر پی ایف کے اہلکاروں نے سوئیاں کتھا، بنجولا جنگل، جلیاں-اعظم آباد، کھنیتر محلّہ، کلصان اور دُریانہ علاقوں میں مشترکہ طور پر تلاشی آپریشن شروع کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایس او جی اور راشٹریہ رائفلز کے جوانوں نے پیر کے روز منجاکوٹ کے کوٹلی بون گھالی، بھیرا قصبہ، ٹوپا اور مینڈھر/2

## وزیراعظم کا دورہ چین نتیجہ خیز ثابت ہوا ہے/ راج ناتھ سنگھ

### شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے ساتھ ہندوستان کے روابط کو مزید مضبوط کیا



سرینگر/ وزیراعظم نریندر مودی کے حالیہ دورہ چین کی تعریف کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اسے ان کی سفارتی ذہانت اور عالمی معاملات میں ہندوستان کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کا ثبوت قرار دیا۔ سی این آئی کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی 29 اگست سے 1 ستمبر تک جاپان اور چین کے اپنے چار روزہ دورے کے اختتام پر پیر کی شام نئی دہلی واپس پہنچے۔ چین میں وزیر اعظم مودی نے 31 اگست سے 1 ستمبر تک شنگھائی تعاون تنظیم چوٹی کانفرنس میں شرکت کی اور روسی صدر ولادیمیر پوتن اور چینی صدر شی جن پنگ کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں کیں۔ اس دوران وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے وزیراعظم نریندر مودی کے حالیہ دورہ چین کی تعریف کرتے ہوئے اسے ان کی سفارتی ذہانت اور عالمی معاملات میں ہندوستان کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کا ثبوت قرار دیا۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں راجناتھ سنگھ نے کہا ''وزیراعظم نریندر مودی کا چین کا کامیاب دورہ ان کی سفارتی مہارت اور جغرافیائی سیاسی زمینی حقائق کو از سر نو تشکیل دینے اور ان میں توازن پیدا/4

## جموں ڈویژن کے سکول تین ستمبر تک بند، بورڈ امتحانات ملتوی

### بادلوں کے پھٹنے، طوفانی سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کی موسمی وارننگ

سرینگر/ ڈائریکٹوریٹ آف اسکول ایجوکیشن جموں نے منگل کو جاری موسمی حالات کے پیش نظر جموں ڈویژن کے تمام سرکاری اور نجی اسکولوں کو 3 ستمبر کو بند رکھنے کا حکم جاری کیا۔ جے کے این ایس کے مطابق ایک باضابطہ حکم میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ موسلا دھار بارشوں، بادلوں کے پھٹنے، طوفانی سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کی موسمی انتباہ کے بعد کیا گیا، جس سے طلباء [illegible] اور عملے کی حفاظت خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ آف اسکول ایجوکیشن جموں نے مزید ہدایت کی کہ جہاں بھی ممکن ہو آن لائن/5

## قومی شاہراہ پر شدید بارشوں کی وجہ سے ٹریفک کی نقل و حمل بند

### لیہہ شاہراہ پر ٹریفک کی نقل و حمل حسب ایڈوائزری جاری ہے



سرینگر/ یواین آئی/ وادی کشمیر کو ملک کے باقی حصوں سے جوڑنے والی سرینگر جموں قومی شاہراہ پر شدید بارشوں کی وجہ سے ٹریفک کی نقل و حمل بند ہے تاہم مغل روڈ اور سرینگر لیہہ شاہراہ پر ٹریفک کی نقل و حمل ایڈوائزری کے مطابق جاری ہے۔ ٹریفک حکام نے منگل کی صبح بتایا کہ تیز بارشوں کی وجہ سے قومی شاہراہ پر ٹریفک کی نقل و حمل کو اجازت نہیں دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاہم جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں کو صوبہ جموں کے راجوری اور پونچھ اضلاع کے ساتھ جوڑنے والے مغل روڈ اور وادی کو مرکز کے زیر انتظام علاقے/3

## رانی تالاب کے نزدیک مقام پر مشکوک شخص سے ہیروئین برآمد

### پولیس اسٹیشن گاندھی نگر جموں میں NDPS ایکٹ کے تحت کیس درج

جموں/ یواین آئی/ منشیات کے خلاف کارروائی جاری رکھتے ہوئے جموں پولیس نے ایک منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کی تحویل سے ہیروئن جیسا مواد برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس اسٹیشن گاندھی نگر کی ایک ٹیم نے معمول کے گشت کے دوران رانی تالاب نزدیک پیر بابا دگیانہ جموں میں ایک مشکوک شخص کو روکا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران اس کی تحویل سے 15 گرام ہیروئن جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا گیا جس کے بعد اس کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ملزم کی شناخت محمد زاکف ولد محمد اسلم سلن رکھ بدالی اودھم پور کے طور پر کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ اس سلسلے میں پولیس اسٹیشن گاندھی نگر میں این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت کیس درج کر کے مزید تحقیقات شروع کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ برآمد شدہ مواد ممنوعہ مواد کے قانون کے تحت ضبط کیا گیا۔ ان کا کہنا ہے کہ جموں پولیس منشیات کی بیخ کنی کے لئے پرعزم ہے۔

## جموں میں سیلاب کے بعد بحالی کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

### چیف سیکریٹری کا وزیر داخلہ کی ہدایات پر فوری کارروائی پر زور



جموں/ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے گزشتہ روز جموں کے دورے کے بعد جس میں اُنہوں نے حالیہ سیلاب سے ہوئے نقصانات کا ذاتی طور پر جائزہ لیا۔ چیف سیکرٹری اَتل ڈولو نے آج اِنتظامی سیکرٹریوں اور صوبائی اِنتظامیہ کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں وزیر داخلہ کی جانب سے دی گئی ہدایات پر فوری اور مقررہ وقت میں عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ کے شروعات میں چیف سیکرٹری نے متاثرہ لوگوں کو فوری ریلیف پہنچانے اور کم سے کم وقت میں بجلی کی فراہمی اور پینے کے صاف پانی سمیت ضروری خدمات کی جلد بحالی کو یقینی بنانے کے لئے بغیر کسی رُکاوٹ کے محکموں کے درمیان مکمل آہنگی کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ اُنہوں نے بالخصوص سڑک رابطہ پر زور دیتے ہوئے ہدایت دی کہ تمام متاثرہ سڑکوں کی بحالی کے لئے جنگی بنیادوں پر کام کیا جائے کیوں کہ سڑکیں دیگر ریلیف، بحالی اور تعمیر نو کے اقدامات کے لئے بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ صوبائی اور ضلعی اِنتظامیہ کو ہدایت دی کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں تباہ شدہ بنیادی ڈھانچے کی/6

## کتے کے حملہ میں نوعمر لڑکا جان بحق، شوپیان میں غم کی لہر

### دو ہفتوں تک ہسپتال میں بھرتی ہونے کے باوجود ڈاکٹر اسے بچا نہ سکے

شوپیان/ جے کے این ایس/ جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں کے چوگام علاقے میں ایک دل دہلا دینے والے واقعے میں ایک ریبیڈ (پاگل) کتے کے کاٹنے سے زخمی ہوا نوعمر لڑکا 15 روز بعد زندگی کی جنگ ہار گیا۔ اطلاعات کے مطابق ضلع شوپیاں کے چوگام سے تعلق رکھنے والے ایک نابالغ لڑکے کو 15 روز قبل مبینہ طور پر ایک پاگل کتے نے کاٹا تھا، جسکے بعد اس لڑکے کو ایس ایچ ایس ہسپتال سری نگر منتقل کیا گیا، جہاں وہ تقریباً 2 ہفتوں تک موت و حیات کی کشمکش میں مبتلاء رہنے کے بعد زندگی کی جنگ ہار گیا۔ منگل کی صبح نوعمر لڑکا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ حکام نے بتایا کہ مرنے والے کی شناخت امتیاز عبداللہ ولد محمد امتیاز وانی ساکنہ چوگام، شوپیاں کے طور پر کی گئی ہے، جس کی موت کتے کے کاٹنے کے چند دن بعد منگل کو ہوئی تھی۔

## شہر کے اندرونی علاقوں میں کتوں کے حملوں کا خوف طاری

### ایک اکیلے راہ گیر کو گھیرنے کیلئے درجنوں کتے تاک میں ہوتے ہیں



سرینگر/سی این آئی/شہر خاص کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی ہڑبونگ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ شام کے بعد گھروں سے باہر نکلنا دشوار بن گیا ہے۔ ایک اکیلے آدمی کو دیکھ کر درجنوں آوارہ کتے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ شہر خاص کے مختلف علاقوں جن میں رعناواری، خانیار، نوہٹہ، راجوری کدل، بہوری کدل، مہاراج گنج، عالی کدل، نائدکدل، زینہ کدل، گوجوارہ، حول، حاکہ بازار، دیوی آنگن ہاری پربت و دیگر علاقے شامل ہیں میں آوارہ کتوں کی ہڑبونگ سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ اور لوگ اپنے ہی گھروں میں محصور ہو کے رہ گئے ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطابق کتوں کی تعداد اس قدر بڑھ گئی ہے کہ لوگ سڑکوں پر چلنے میں خوف محسوس کر رہے ہیں۔ شام کے بعد لوگوں نے شام کے بعد اپنے گھروں سے باہر نکلنا ہی چھوڑ دیا ہے اور اگر کا ہے بگاہے کسی مجبوری کے سبب کام کے سلسلے میں گھر سے باہر نکلنا پڑتا ہے۔

## بجلی تار چھونے سے سپیشل پولیس آفیسر (SPO) جھٹکے سے جان بحق

### راجوری میں سڑک حادثہ میں JCO سمیت پانچ فوجی اہلکار زخمی

سرینگر/ سی این آئی/ بڈگام ضلع کے چاڈورہ میں بجلی کرنٹ لگنے سے ایس پی او از جاں ہو گیا ہے جبکہ راجوری میں سڑک کے حادثے میں جے سی او سمیت پانچ فوجی اہلکار زخمی ہو گئے۔ ادھر کپواڑہ میں سکوٹی حادثے میں دو کم عمر نوجوان زخمی ہو گئے ہیں۔ سی این آئی کے مطابق جموں و کشمیر پولیس کا ایک اسپیشل پولیس آفیسر (ایس پی او) بڈگام بڈی پورہ چاڈورہ میں بجلی کا جھٹکا لگنے سے لقمہ اجل بن گیا۔ حکام نے بتایا کہ مرنے والے کی شناخت بشیر احمد تیلی (45) ولد غلام حسن ساکن بڈی پورہ چاڈورہ کے طور پر کی گئی ہے جو ضلع پولیس لائنز سرینگر میں تعینات تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ آبائی علاقے میں بجلی کی ترسیلی لائن کی زد میں آیا جس کے بعد وہ جھلس کر شدید طور پر زخمی ہو گیا۔ ادھر راجوری میں دہری ریلیوٹ کے قریب منگل کی صبح ایک سڑک حادثہ میں کم از کم پانچ فوجی اہلکار زخمی ہو گئے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ منگل کی صبح ایک گاڑی گشت کے بعد گلوٹھی میں ہیڈ کوارٹر واپس جاتے ہوئے پھسل گئی۔ انہوں نے کہا کہ گاڑی کو حادثہ پیش آنے کے نتیجے میں ایک جونیئر کمیشنڈ آفیسر (جے سی او) اور چار دیگر رینک اہلکار زخمی ہوئے۔ حکام نے بتایا کہ/7

